GENERATION NEW ERA

A STUDY OF CHILDREN BORN IN THE 2020s

# جنریشن نیو ایرا (GENERATION NEW ERA) کا حصہ بننے کے لیے آپ کا شاندار موقع

محترم والدین،

ہم آپ کو یہ بتانے کے لیے لکھ رہے ہیں کہ آپ کے پاس **جنریشن نیو ایرا (Generation New Era) کا حصہ بننے** کا موقع موجود ہے - جو کہ 2022 میں پیدا ہونے والے بچوں اور ان کے خاندانوں کے بارے میں برطانیہ کا ایک نیا مطالعہ ہے۔ یہ ہماری بدلتی ہوئی دنیا میں پروان چڑھنے والے بچوں کی صحت اور نشوونما کے بارے میں اہم سائنسی بصیرت فراہم کرے گا اور برطانیہ میں بچوں اور خاندانوں کی زندگیوں کو بہتر بنانے میں مدد دینے کے لیے محققین، حکومتوں اور خدمات فراہم کرنے والوں کے لیے مفید ثابت ہو گا۔

جنریشن نیو ایرا (Generation New Era) کی قیادت یونیورسٹی کالج لندن (UCL) کر رہی ہے۔Ipsos ، ایک خودمختار تحقیقی ادارہ، ہماری جانب سے معلومات اکٹھی کرے گا۔ اس کی ادائیگی اکنامک اینڈ سوشل ریسرچ کونسل کرتی ہے۔

**آپ کو ابھی یہ فیصلہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے کہ آیا آپ حصہ لینا چاہتے ہیں یا نہیں۔** اگلے چند مہینوں کے دوران، **Ipsos مزید معلومات کے ساتھ آپ کو مطالعہ کا دعوت نامہ بھیجے گی۔** اس کے بعد Ipsos کی جانب سے**ایک تربیت یافتہ انٹرویو کنندہ** آپ کے کسی بھی سوال کا جواب دینے کے لیے آپ کے پتے پر پہنچے گا اور پوچھے گا کہ کیا آپ حصہ لینا چاہتے ہیں یا نہیں۔

**اگر آپ مطالعہ کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے کو ترجیح نہیں دیتے یا حصہ نہ لینے کو ترجیح دیتے ہیں،** تو براہ کرم ہمیں بتائیں اور اس کے بعد ہم آپ سے مزید رابطہ نہیں کریں گے۔ آپ ہمیں فری فون 0800 151 0610 یا ای میلgnestudy@ipsos.com کے ذریعے بتا سکتے ہیں۔ براہ کرم اس خط کے بالائی حصے میں اپنا حوالہ نمبر شامل کریں۔ **اگر آپ اپنے بچے کے والد/والدہ کے ساتھ رہتے ہیں** اور انہیں بھی یہ خط موصول ہوا ہے اور وہ مزید معلومات حاصل نہیں کرنا چاہتے یا حصہ نہیں لینا چاہتے، **تو انہیں بھی الگ سے ہم سے رابطہ کرنے کی ضرورت ہو گی۔**

آپ کی مدد کے لیے آپ کا پیشگی شکریہ۔ ہمیں امید ہے کہ آپ اس تاریخی مطالعہ کا حصہ بننے کا فیصلہ کریں گے۔

نیک تمناؤں کے ساتھ،


**پروفیسر الیسہ گڈمین CBE**
استڈی ڈائریکٹر، یوکے
یونیورسٹی کالج لندن


براہ کرم صفحہ پلٹیں →

## حصہ لینے میں کیا کچھ شامل ہو گا؟

ہم والدین کو انٹرویو میں حصہ لینے کا کہیں گے۔ والدین میں سے کسی ایک کے لیے اس میں لگ بھگ 60 منٹ لگیں گے اور دوسرے کے لیے تقریباً 30-40 منٹ لگیں گے۔ **حصہ لینا مکمل طور پر آپ پر منحصر ہے۔** آپ کے وقت کے لیے شکریہ کے طور پر، انٹرویو دینے والے ہر والد/والدہ کو ایک عدد **واؤچر** بھی ملے گا۔ آپ کے بچے کی عمر میں اضافہ کے ساتھ ساتھ ہم آپ سے دوبارہ بات کرنا چاہیں گے۔ ہم امید کرتے ہیں کہ آپ کو ہر چند سال بعد شرکت کے لیے مدعو کیا جائے گا۔ حصہ لینے کا فیصلہ کرنا **ہمیشہ آپ کے اپنے اختیار میں ہے۔**

انٹرویو انگریزی کے علاوہ دیگر زبانوں میں بھی مکمل کیا جا سکتا ہے۔ یہ خط، اور دیگر مطالعاتی معلومات، مطالعہ کی ویب سائٹ: gnestudy.info پر دوسری زبانوں میں بھی دستیاب ہیں۔

## مجھے اس مطالعہ کے لیے کیسے منتخب کیا گیا ہے؟

سب سے پہلے، مطالعہ میں صرف نومبر اور دسمبر 2022 میں پیدا ہونے والے بچے شامل ہیں۔ دوم، مطالعہ کے لیے برطانیہ کے اندر صرف 250 علاقوں کا انتخاب کیا گیا۔ ان علاقوں میں پیدا ہونے والے بچوں کو 2022 میں برطانیہ میں پیدا ہونے والے تمام بچوں کا نمائندہ منتخب کیا گیا ہے۔

آپ کے خاندان **کا انتخاب انگلینڈ اور ویلز میں NHS انگلینڈ اور** نیشنل ریکارڈز آف اسکاٹ لینڈ اور پبلک ہیلتھ اسکاٹ لینڈ کے پاس موجود پیدائش کے ریکارڈز سے بے ترتیب طور پر کیا گیا تھا۔ ان اداروں نے آپ اور آپ کے بچے کے حوالے سے آپ لوگوں کا نام، پتہ اور اضافی معلومات فراہم کی ہیں۔

مطالعہ کے لیے منتخب کیے گئے خاندان پورے برطانیہ میں خاندانوں کے تنوع کی عکاسی کرتے ہیں۔ مطالعہ کے لیے منتخب کیا گیا ہر خاندان منفرد ہے اور ہم آپ کی شرکت کو کسی اور سے نہیں بدل سکتے۔

## اگر میں اپنے بچے کے والد/والدہ سے الگ رہائش پذیر ہوں، تو پھر کیا ہو گا؟

ہر بچے کی زندگی کا ایک مکمل تصوّر حاصل کرنے کے لیے، ہم ان والدین کو شامل کرنا چاہتے ہیں جو اپنے بچے کے والد/والدہ سے الگ رہتے ہیں۔

جہاں ہمارے پاس پیدائش کے ریکارڈ سے والدین کے نام اور پتے موجود ہیں، وہاں پر ہم ہر والد/والدہ سے الگ الگ رابطہ کریں گے تاکہ انہیں حصہ لینے کی دعوت دیں۔ اگر یہ آپ پر بھی لاگو ہوتا ہے، تو آپ کے بچے کے الگ رہنے والے والد/والدہ کو بھی یہ خط موصول ہو جائے گا۔ جہاں والدین مختلف گھرانوں میں رہ رہے ہوں اور اگر وہ حصہ نہ لینا چاہتے ہوں، تو ان میں سے ہر ایک کو ہم سے الگ سے رابطہ کرنے کی ضرورت ہو گی۔

**اگر آپ ترجیح دیتے ہیں کہ ہم آپ کے بچے کے والد/والدہ کے ساتھ مزید کوئی رابطہ نہ کریں یا اگر آپ کو اس بارے میں کوئی تشویش ہو، تو براہ کرم ہم سے بذریعہ ٹیلیفون 0800 151 0610 پر یا gnestudy@ipsos.com پر رابطہ کریں۔**

## آپ کی رازداری

**جو معلومات آپ مطالعہ میں دیں گے اسے مکمل طور پر رازداری میں رکھا جائے گا اور صرف تحقیقی مقاصد کے لیے ہی استعمال کیا جائے گا۔** UCL کے پاس آپ کے ذاتی ڈیٹا پر کارروائی کرنے کی قانونی بنیاد موجود ہے کیونکہ یہ جنرل ڈیٹا پروٹیکشن ریگولیشن کے تحت 'عوامی مفاد میں کام' کے لیے ہے۔ ہمارے پاس پیدائش کے ریکارڈوں سے معلومات حاصل کرنے کی خصوصی منظوری بھی موجود ہے جس کے تحت ہم NHS ہیلتھ ریسرچ اتھارٹی کے رازداری کے مشاورتی گروپ، ڈیٹا کے اجراء پر NHS انگلینڈ کے آزاد گروپ ایڈوائزنگ اور NHS سکاٹ لینڈ پبلک بینیفٹ اینڈ پرائیویسی پینل برائے صحت اور سماجی کے تحت آپ کے ساتھ رابطہ کر سکتے ہیں۔ یہ منظوری ان معلومات کا بغور جائزہ لینے کے بعد دی گئی ہے جو مطالعہ کے دوران جمع کی جائیں گی اور یہ کہ ہم اس بات کو کیسے یقینی بنائیں گے کہ آپ کا ڈیٹا اور رازداری کو محفوظ رکھا جائے۔ اس بارے میں مکمل تفصیلات کہ ہم آپ کی معلومات کی دیکھ بھال کیسے کریں گے، بشمول اگر آپ حصہ نہ لینے کا فیصلہ کرتے ہیں، تو آپ کی معلومات کے ساتھ کیا برتاؤ کیا جائے گا، مطالعہ کی ویب سائٹ پر **پرائیویسی نوٹس** میں موجود ہیں: **gnestudy.info/privacy**۔